Press Statement on reports about Pakistan transferring the management and maintenance of the Holy GurudwaraKartarpur Sahib

November 05, 2020

پاکستان کی جانب سے مقدس گرودوارہ کرتار پور صاحب کے انتظام ودیکھ بھال کی منتقلی کے حوالے سے رپورٹس کے بارے میں پریس بیان

05 نومبر، 2020

ہم نے یہ رپورٹس دیکھی ہیں کہ پاکستان نے اقلیتی سکھ برادری کی کمیٹی پاکستان سکھ گرودوارہ پربھنڈک کمیٹی (پی ایس جی پی سی) کے ماتحت مقدس گرودوارہ کرتار پور صاحب کی انتظام اور دیکھ بھال کو ایواکیئ ٹرسٹ پراپرٹی بورڈ کے انتظامی کنٹرول میں منتقل کر دیا ہے، جو کہ ایک غیر سکھ آرگنائزیشن ہے۔

پاکستان کا یہ یکطرفہ فیصلہ انتہائی قابل مذمت ہے، اور کرتارپور صاحب راہداری کی روح کے خلاف ہونے کے ساتھ ساتھ بڑے پیمانے پر سکھ برادری کے مذہبی جذبات کے بھی خلاف ہے۔ ہمیں پاکستان میں اقلیتی سکھ برادری کے حقوق کو نشانہ بنانے کے پاکستان کے اس فیصلے پر سکھ برادری کی طرف سے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے نمائندگی موصول ہوئی ہے۔ اس طرح کی کارروائیوں سے مذہبی اقلیتی برادریوں کے حقوق اور فلاح وبہبود کے تحفظ اور حفاظت کے پاکستانی حکومت اور اس کی قیادت کے لمبے دعوؤں کی حقیقت سامنے آتی ہے۔ پاکستان سے مطالبہ ہے کہ وہ اقلیتی سکھ برادری کو مقدس گرودوارہ کرتار پور صاحب کے امور کو مینیج کرنے کے حق سے محروم رکھنے کے لئے اپنے من مانی فیصلے کو واپس لے۔

نئی دہلی

05 نومبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.